NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road.
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-82
Ext. 148/150

Service NEWS OF INTEREST

Source "DAILY NAWA-I-WAQT", Tuesday, September 27, 2016

فیصل آباد: ٹیکنیکل ٹیکسٹائل پر پہلی قومی کانفرنس سے پروفیسر ڈاکٹر ارشد علی ایچ ای سی، پروفیسر ڈاکٹر تنویر حسین ریکٹر این ٹی یو، ڈاکٹر محمد مجاہد، ڈاکٹر یاسر نواب، ریحان نسیم، خرم خواجہ، نوید فاضل، امتیاز راسنگر و دیگر خطاب کر رہے ہیں

نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کی طرف سے پہلی قومی ٹیکنیکل کانفرنس کا آغاز

کانفرنس میں ہائر ایجوکیشن کمشن اسلام آباد، فیصل آباد اور سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے عہدیدار شریک ہوئے

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کی جانب سے دو روزہ پہلی نیشنل ٹیکنکل ٹیکسٹائل کانفرنس کا آغاز کر دیا گیا۔ کانفرنس میں ہایئر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد، فیصل آباد اور سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے عہدیداران نے شرکت کی۔ تقریب میں ملکی ایکسپورٹ کو بہتر بنانے بین الاقوامی سطح پر ترقی یافتہ ممالک کے شانہ بشانہ کام کرنے کے حوالے سے تفصیلا گفتگو کی گئی جس میں صنعتکاروں نے اپنے تجربات سے شرکا اور طالب علموں کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر گارمنٹس سٹی کے چیئرمین ریحان نسیم براڑہ، فیصل آباد چیمبر آف کامرس کے سینئر نائب صدر ضیاء علمدار، سی او او نوید فاضل، ایکس پریذیڈنٹ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس ڈاکٹر خرم خواجہ، ایچ ای سی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ارشد علی، پرنسپل ایس سی ایم ای، نسٹ اسلام آباد ڈاکٹر محمد مجاہد، نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر تنویر حسین، این ٹی یو کے ڈین اکیڈمکس پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر حسین، رجسٹرار ظفر جاوید اور کانفرنس کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر یاسر نواب سمیت دیگر کئی معروف صنعتکار بھی شریک تھے۔ کانفرنس کا مقصد ملکی ایکسپورٹ میں وسعت اور کوالٹی میں بہتری لانے کیلئے آگاہی فراہم کرنا ہے۔